پریس ریلیز

Nestlé
Good Food, Good Life

نیسلے نے کراچی کے ساحلِ سمندر سے صفائی کی سرگرمیوں کا آغاز کردیا

کراچی(19 جون ، 2019ء) : نیسلے پاکستان نے اپنی عالمی سرگرمیاں نیسلے کیئرز 'Nestlé Cares' کے تحت شروع کردی ہیں،جس کا آغاز World Ocean Day کے موقع پر ساحلِ سمندر پر صفائی کی مہم سے ہوا۔کمپنی کے ملازمین کے اس رضا کارانہ پروگرام کا مقصد ایک عالمی اور باہمی تصور کے تحت رضا کارانہ سرگرمیوں کو بڑھانا ہے۔ 'Nestlé Cares' کی جانب سے رضا کارانہ پروگراموں کے اقدام کے تحت نیسلے کے ملازمین کو مقامی کمیونیٹیز کی مدد کے لئے اپنا کردارادا کرنے کا موقع ملے گا۔اس سرگرمی کے ذریعہ،نیسلے پاکستان،آلودگی،حفظان صحت اور صاف پینے کے پانی تک رسائی سے نمٹنے کے لئے ''سرسبز وشاداب پاکستان'' کے حکومتی نقطہ نظر میں بھی حصہ لے رہا ہے۔

نیسلے پاکستان کے 100 سے زائد ملازمین نے نیشنل فورم آف انوائرنمنٹ اینڈ ہیلتھ (NFEH) اور کنزیومر ایسوسی ایشن آف پاکستان (CAP) کے نمائندگان کے ساتھ مل کر ایک شہری ذمہ داری اور احتساب کے احساس کے ساتھ صفائی کی سرگرمی میں شرکت کی، پلاسٹک فضلہ کو کم کرنے میں اپنا کردار ادا کرتے ہوئے انہوں نے پلاسٹک اور اس سے ہونے والی سمندری آلودگی کو کم کرنے کے لئے،سمندر کے کنارے سے جوکوڑا کرکٹ چنا اس میں پلاسٹک فضلے کو چن کر الگ کیا۔

تقریب میں خطاب کرتے ہوئے،صوبائی وزیر برائے انوائرنمنٹ اینڈ کلائمیٹ چینج ، تیمور تالپور نے، جو اس موقع پر مہمان خصوصی بھی تھے نے کہا:''میں نیسلے کی جانب سے عوام کو تعلیم دینے،افراد کی حوصلہ افزائی کرنے اور انہیں متحرک کرنے پر ان کے کردار کی تعریف کرتا ہوں۔عوام میں تبدیلی کا یہی وقت ہے اور نیسلے جیسے دیگر ادارے زیادہ سے زیادہ اس اقدام میں حصہ لیں اور فضلہ سے پاک مستقبل کی تشکیل میں اپنا کردار ادا کریں۔''

نیسلے پاکستان کے کارپوریٹ افیئر ز کے سربراہ وقار احمد نے اس سلسلے میں اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا:''برسوں سے عالمی طور پر نیسلے کے ہزاروں ملازمین نے ہمارے معاشرے اور ان کے افراد اور اہلخانہ سمیت سیارہ زمین پر ایک مثبت اثر کی خاطر توجہ مرکوز کی ہے اور اپنا وقت اور سپورٹ ان سرگرمیوں کو عطیہ کیا۔ 'Nestlé Cares' ان طریقوں میں سے ایک ہے،جس کے ذریعے ہم اپنے مقصد اور اقدار کو سامنے لانا چاہتے ہیں۔''

انہوں نے مزید کہا:''اس سال کے آغاز ہی سے،ہم نے ''کلین اینڈ گرین پاکستان'' کے نقطہ نظر میں اپنی شرکت کے طور پر ملک بھر میں شجر کاری اور صفائی کی مہم کی قیادت کی اور ان سرگرمیوں کا آغاز کیا۔ہم نے اپنا نقطہ نظر اور وسیع کیا اور باقاعدہ ایک منصوبہ بندی کے تحت اس پر عمل کیا، پلاسٹک پیکنگ کے فضلہ کے مسئلے کو حل کرنے کے لئے اپنے عزم کے تحت ساحل کی صفائی کی مہم میں بھی اس عہد کے ساتھ شامل ہیں۔''

تقریب کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے،کمشنر کراچی، افتخار شلوانی،جنہوں اس تقریب میں شرکت کرکے عزت بخشی، نے کہا:''میں نیسلے پاکستان کے اس اقدام کا حصہ بننے پر بہت خوش ہوں،کہ وہ کراچی کے رہائشیوں کو شہر کی صفائی اور پلاسٹک کے فضلے سے نجات دلانے کی ترغیب دے رہے ہیں۔نیسلے پاکستان اپنے مینوفیکچرز یونٹس اور اس سے باہر مختلف اقدامات کو متعارف کرارہاہے اور مستقبل کے حوالے سے اقدامات کررہا ہے۔یہ باہمی طور پر مل کر کام کرنے کا دن ہے، جو نیسلے کی صلاحیتوں اور نئی ٹیکنالوجیز کے ذریعہ، ماحولیاتی اثر کو صفر تک کم کرسکتا ہے۔نیسلے کا خیال ہے کہ، پلاسٹک کی پیکیجنگ کو بغیر کسی نقصان دہ اثرات کے جمع یا ری سائیکل کیا جاسکتا ہے۔ نیسلے کا عزم ہے کہ 2025ء تک،اس کی پیکیجنگ 100 فیصد ری سائیکل ہو اور دوبارہ استعمال ہو۔

نیشنل فورم فار انوائرنمنٹ اینڈ ہیلتھ کے صدر نعیم قریشی نے کہا:''پلاسٹک کا فضلہ پاکستان کے دریاؤں اور سمندروں کے آلودگی کا سب سے بڑا سبب ہے۔نیسلے کے ساتھ صفائی کا یہ پہلو ہمارا طویل المدتی امتیاز ہے اور ماحول میں پلاسٹک کے مزید جمع ہونے سے بچنے کے لئے پلاسٹک کے استعمال کو روکنے کا ہمارا عزم ہے۔''

مذکورہ مہم کے بارے میں بات چیت کرتے ہوئے،چیئرمین کنزیومر ایسوسی ایشن آف پاکستان کوکب اقبال نے کہا:''اداروں کو ماحولیاتی تحفظ کی حفاظت کے لئے اس طرح کے اقدامات کو نافذ کرنے کے لئے ایک ساتھ کام کرنا چاہئے۔''

وزیر اعلی سندھ کے خصوصی معاون قاسم نوید،سرکاری حکام،سول سوسائٹی کے ارکان اور کمیونٹی رضا کاروں نے بھی مذکورہ سرگرمی میں شرکت کی۔

نیسلے پاکستان کا تعارف:

نیسلے غذا اور مشروبات کی سب سے بڑی عالمی کمپنی ہے۔دنیا بھر کے 191 ممالک میں اس کی موجودگی ہے جہاں اس کے 328,000 ملازمین نیسلے کے مقصد،ایک صحت مند مستقبل کے لئے زندگی کے معیار کو بہتر بنانے کے لئے پُرعزم ہیں۔ نیسلے اپنے صارفین اور ان کے پالتو جانوروں کے لئے مختلف مصنوعات اور خدمات کا وسیع پورٹ فولیو زندگی بھر کے لئے مہیا کرتی ہے۔

مزید معلومات کے لئے،برائے مہربانی رابطہ کریں:

محمد راحت حسین

پبلک افیئر ز منیجر ساؤتھ،نیسلے پاکستان

رابطہ نمبر: +92-345-2059682

ای میل: muhammadrahat.hussain@pk.nestle.com